سدرن پنجاب کے انڈر19 کرکٹر محمد شہزاد کو وارننگ جاری کردی گئی

لاہور،14نومبر 2020 :

قومی انڈر19 تھری ڈے ٹورنامنٹ کے مرید کے کنٹری کلب میں جاری تیسرے راؤنڈ میچ میں کھلاڑی اور اسپورٹ اسٹاف کے لیے مقررہ ضابطہ اخلاق کے لیول 1 کی خلاف ورزی کرنے پر سدرن پنجاب کے آلراؤنڈر محمد شہزاد کو وارننگ جاری کردی گئی ہے۔

محمد شہزاد کو سندھ انڈر19 کرکٹ ٹیم کے خلاف میچ کے دوران نازیبا زبان استعمال کرنے پر وارننگ جاری کی گئی۔

یہ واقعہ جمعہ کے روز اس وقت پیش آیا جب محمد شہزاد، رن آؤٹ ہونے پر ساتھی کھلاڑی پر چیخے۔

آن فیلڈ امپائرز عمران اسلم اور محمد ارشد نے محمد شہزاد کو پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کی شق 2.3 کی خلاف ورزی کرنے پر چارج کیا۔

محمد شہزاد کی جانب سے اعتراف جرم کرنے پر میچ ریفری بلال خلجی نے انہیں وارننگ جاری کردی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

National Team Partners

Domestic Partners